# The Gujranwala Chamber of Commerce & Industry

# گوجرانوالہ ایوانِ صنعت وتجارت

Since 1978

Chamber Plaza, Aiwan-e-Tijarat Road, Gujranwala-Pakistan.

Certified ISO 9001:2008

مجلس عاملہ کے اجلاس منعقدہ 18 اکتوبر 2022ء

کی حاضری

| | | |
|---|---|---|
| 1- | جناب ضیاء الحق | میسرز عمر فینسی اینڈ بوتیک شاپ نمبر 10 جناح بازار گوجرانوالہ |
| 2- | جناب عادل ندیم | میسرز فجر ٹریڈنگ بلمقابل ڈاکٹر نواز گھمن گل روڈ گوجرانوالہ |
| 3- | جناب محمد شعیب بٹ | میسرز جی۔ایم انڈسٹری عالم چوک حافظ آباد روڈ گوجرانوالہ |
| 4- | جناب شاہد الرحمان | میسرز سپر فائن انڈسٹری اسلامیہ کالج روڈ نزد درزیاں والی کوٹھی محلہ اقبال گنج گلی نمبر 7 مکان نمبر 3002 گوجرانوالہ |
| 5- | جناب محمد عمران | میسرز فرحان سلک فیکٹری رتہ روڈ فرید ٹاؤن گوجرانوالہ |
| 6- | جناب ارسلان یوسف | میسرز سپر ماسٹر سر امکس ٹرالیاں والہ گلہ عقب ایوب بیرنگ انڈسٹری اٹاوہ جی ٹی روڈ گوجرانوالہ |
| 7- | جناب احسن محمود | میسرز عظمت پولیمر ز B-16 سمال انڈسٹری اسٹیٹ نمبر 1 گوجرانوالہ |
| 8- | جناب نعیم آصف | میسرز نعیم آصف الیکٹریکل انڈسٹری شاپ نمبر 130 بزار خراداں والا گوجرانوالہ |
| 9- | جناب محمد افضل | میسرز ملک افضل میٹل سکریپ مین شیخوپورہ روڈ بلمقابل بینک نزد باجوہ روڈ گوجرانوالہ |
| 10- | جناب ہشام جاوید | میسرز جے۔ایس۔کے میٹلز نزد ستار سرامکس بلمقابل سپر سٹار فلنگ سٹیشن چاند آٹو اٹاوہ جی ٹی روڈ گوجرانوالہ |
| 11- | جناب محمد ارشد | میسرز سلور سٹار میٹل کچن ویئر انڈسٹری مین شیخوپورہ گلزار کالونی عقب کھیالی پیپر بورڈ گوجرانوالہ |
| 12- | جناب خالد تنویر | میسرز امان فلور ملز ڈھکی سندر سنگھ نزد اعوان چوک گوجرانوالہ |
| 13- | جناب شیخ محمد نعیم | میسرز ملٹی سٹیل انٹر پرائزز پرائیویٹ لمیٹڈ B-3/247 نزد دھوبی گاٹھ گراؤنڈ سیٹلائیٹ ٹاؤن گوجرانوالہ |
| 14- | جناب عثمان یونس قریشی | میسرز افنان ایمپکس 36 یاسر کلاتھ مارکیٹ بنک سکوائر گوجرانوالہ |
| 15- | جناب اختر علی خان | میسرز قاسمی ٹریول پرائیویٹ لمیٹڈ 48 جناح سٹیڈیم سول لائنز گوجرانوالہ |
| 16- | جناب محمد مردان | میسرز عبدالحمید سٹیل غازی روڈ ایمن آباد گوجرانوالہ |
| 17- | محترمہ درخشاں عمران | میسرز ارتکاز ٹریول اینڈ ٹور پرائیویٹ لمیٹڈ سیکنڈ فلور اظہر پلازہ بینک الحبیب جی ٹی روڈ گوجرانوالہ |

محمد برہان

سیکریٹری جنرل

مجلس عاملہ کا اجلاس صدر گوجرانوالہ چیمبر آف کامرس جناب ضیاء الحق کی زیر صدارت مورخہ 18 اکتوبر 2022ء بروز منگل کو چیمبر آف کامرس میں منعقد ہوا جس میں درج ذیل ایجنڈے پر کاروائی کی گئی۔

1- تلاوت قرآن پاک۔

اجلاس کا باقاعدہ آغاز تلاوت کلام پاک سے ہوا تلاوت کی سعادت جناب شیخ محمد نعیم نے حاصل کی۔

2- درود پاک کی خاموش تلاوت۔

تلاوت کلام پاک کے بعد تمام حاضرین نے دورد پاک کی خاموش تلاوت کی۔

3- درخواست برائے معذرت۔

صدر جناب ضیاء الحق نے درخواست برائے معذرت کا ایجنڈا پیش کرتے ہوئے پوچھا کہ کسی کی درخواست برائے معذرت وصول ہوئی ہے۔ سیکریٹری جنرل نے بتایا کہ جناب حمیس گلزار اور عمیر پرویز کی درخواست برائے معذرت موصول ہوئیں ہیں اس کے بعد ہاؤس نے متفقہ طور درخواست برائے معذرت کا ایجنڈا منظور کرلیا۔

4- گزشتہ مجلس عاملہ کے اجلاس کی کاروائی (مورخہ 17 ستمبر 2022ء) کی منظوری

صدر جناب ضیاء الحق نے گزشتہ اجلاس کی کاروائی کا ایجنڈا ہاؤس میں پیش کیا۔ ہاؤس متفقہ طور پر گزشتہ اجلاس مورخہ 17 ستمبر 2022ء کی منظوری دے دی۔

5- رکنیت کیلئے موصولہ درخواستوں کی منظوری

صدر جناب ضیاء الحق نے رکنیت کیلئے ایسوسی ایٹ اور کارپوریٹ کلاسز کی موصول ہونے والی نئی ممبرشپ کی درخواستیں منظوری کیلئے ایوان میں پیش کیں ہاؤس نے متفقہ طور پر ممبرشپ کیلئے موصول ہونے والی درخواستوں کو منظور کرلیا۔

6- آمدن واخراجات کی منظوری برائے ماہ ستمبر 2022ء (لف ہے)

صدر جناب ضیاء الحق نے آمدن واخراجات کی منظوری برائے ماہ ستمبر 2022ء کا ایجنڈا اجلاس میں پیش کیا۔ جس کو ہاؤس نے متفقہ طور پر منظور کرلیا۔

7- دفتری معاملات کو چلانے، اخراجات کئے جانے، سٹینڈنگ کمیٹیوں کے اجراء و دیگر اختیارات کی منظوری

صدر جناب ضیاء الحق نے دفتری معاملات کو چلانے، اخراجات کئے جانے، سٹینڈنگ کمیٹیوں کے اجراء و دیگر اختیارات کی

منظوری کا ایجنڈا اجلاس میں پیش کیا۔

جناب محمد شعیب بٹ نے کہا کہ دفتر معاملات چلانے کیلئے اختیارات صدر کے پاس ضرور ہونے چاہیں اس میں سٹینڈ نگ کمیٹیوں کی تشکیل کے اختیارات، FPCCI میں گوجرانوالہ چیمبر کی طرف سے جنرل باڈی اور ایگزیکٹو کمیٹی کی سیٹوں پر نمائندگی اور ادارے کو چلانے کے لیے اکاؤنٹس کے اختیارات وغیرہ شامل ہیں میں تجویز کرتا ہوں کہ اختیارات صدر صاحب کو منتقل کر دیے جائیں۔ ہاؤس نے جناب محمد شعیب بٹ کی تائید کرتے ہوئے متفقہ طور پر تجویز کردہ اختیارات صدر جناب ضیاء الحق کو تفویض کرتے ہوئے منظوری دے دی۔

**8- چیمبر ہذا کیلئے تین سالہ پلان آف ایکٹیوٹیز کی تیاری و پچھلے سال کے پلان آف ایکٹیوٹیز پر نظر ثانی کیلئے کمیٹی کی تشکیل۔**

صدر جناب ضیاء الحق نے چیمبر ہذا کیلئے تین سالہ پلان آف ایکٹیوٹیز کی تیاری و پچھلے سال کے پلان آف ایکٹیوٹیز پر نظر ثانی کیلئے کمیٹی کی تشکیل کا ایجنڈا اجلاس میں پیش کیا۔ ہاؤس نے متفقہ طور پر صدر جناب ضیاء الحق کو اختیار دیا کہ تین افراد پر مشتمل ایک کمیٹی بنا دی جائے جو اپنا کام مکمل کر کے ہاؤس کو اپنی رپورٹ پیش کر دے۔

**9- چیمبر ہذا کے لئے ریزرو فنڈز کے قیام کیلئے غور و خوص**

صدر جناب ضیاء الحق نے چیمبر ہذا کے لئے ریزرو فنڈز کے قیام کیلئے غور و خوص کا ایجنڈا اجلاس میں پیش کیا۔ ہاؤس نے متفقہ طور پر صدر جناب ضیاء الحق کو اختیار دیا کہ تین افراد پر مشتمل ایک کمیٹی بنا دی جائے جو اپنا کام مکمل کر کے ہاؤس کو اپنی رپورٹ پیش کر دے۔

**10- دیگر امور**

صدر جناب ضیاء الحق نے دیگر امور کا ایجنڈا اجلاس میں پیش کیا۔ جناب عادل ندیم نے کہا کہ میری تجویز ہے کہ سٹینڈ نگ کمیٹیز جاری کرنے کیلئے متعلقہ سیکٹر سے وابستہ ممبران کو کمیٹی جاری کی جائے۔ صدر جناب ضیاء الحق نے کہا کہ ہماری کوشش ہوگی کہ کمیٹیوں کو سیکٹر سے وابستہ افراد کو ہی جاری کی جائیں تا کہ ان کمیٹیوں کے مقصد کو پورا کیا جا سکے انہوں نے مزید کہا کہ ہمیں اللہ نے موقع دیا ہے ہم پوری کوشش کریں گے کہ بزنس کمیونٹی کی خدمت کی جائے اور کاروباری لوگوں کے مسائل حل کر کے ان کیلئے آسانیاں پیدا کریں۔

اس کے بعد کوئی امور زیر بحث نہ تھے لہٰذا اجلاس صدر صاحب کا شکریہ ادا کرتے ہوئے دعائے خیر کے بعد اختتام پذیر ہوا

سیکریٹری جنرل

The Gujranwala Chamber of Commerce & Industry

گوجرانوالہ ایوانِ صنعت و تجارت

Since 1978

Chamber Plaza, Aiwan-e-Tijarat Road, Gujranwala-Pakistan.

Certified ISO 9001:2015

مجلس عاملہ کے اجلاس منعقدہ 27 اکتوبر 2022ء

کی حاضری

| | | |
|---|---|---|
| -1 | جناب ضیاء الحق | میسرز عمر فینسی اینڈ بوتیک شاپ نمبر 10 جناح بازار گوجرانوالہ |
| -2 | جناب جمیس گلزار | میسرز جی ایچ ایم پرائیویٹ لمیٹڈ طیبہ روڈ باجوہ روڈ گوجرانوالہ |
| -3 | جناب عادل ندیم | میسرز فجر ٹریڈنگ بلمقابل ڈاکٹر نواز گھمن گل روڈ گوجرانوالہ |
| -4 | جناب محمد شعیب بٹ | میسرز جی۔ ایم انڈسٹری عالم چوک حافظ آباد روڈ گوجرانوالہ |
| -5 | جناب شاہد الرحمان | میسرز سپر فائن انڈسٹری اسلامیہ کالج روڈ نزد درزیاں والی کوٹھی محلہ اقبال گنج گلی نمبر 7 مکان نمبر 3002 گوجرانوالہ |
| -6 | جناب محمد عمران | میسرز فرحان سلک فیکٹری رتہ روڈ فرید ٹاؤن گوجرانوالہ |
| -7 | جناب ارسلان یوسف | میسرز سپر ماسٹر سرائکس ٹرالیاں والہ گلہ عقب ایوب بیرنگ انڈسٹری اٹاوہ جی ٹی روڈ گوجرانوالہ |
| -8 | جناب ساجد لطیف بٹ | میسرز ساجد میٹل ورکس باجوہ روڈ فیکٹری نمبر 80 گوجرانوالہ |
| -9 | جناب احسن محمود | میسرز عظمت پولیمرز B-16 سمال انڈسٹری اسٹیٹ نمبر 1 گوجرانوالہ |
| -10 | جناب نعیم آصف | میسرز نعیم آصف الیکٹریکل انڈسٹری شاپ نمبر 130 بزار خراداں والا گوجرانوالہ |
| -11 | جناب محمد افضل | میسرز ملک افضل میٹل سکریپ مین شیخوپورہ روڈ بلمقابل بینک نزد باجوہ روڈ گوجرانوالہ |
| -12 | جناب عمیر پرویز | میسرز نیو ایشیاء وولن ملز 176 اے سمال انڈسٹریل اسٹیٹ نمبر 1 گوجرانوالہ |
| -13 | جناب خالد تنویر | میسرز امان فلور ملز ڈھکی سندر سنگھ نزد اعوان چوک گوجرانوالہ |
| -14 | جناب شیخ محمد نعیم | میسرز ملٹی سٹیل انٹر پرائزز پرائیویٹ لمیٹڈ 3-B/247 نزد دھوبی گھاٹ گراؤنڈ سیٹلائیٹ ٹاؤن گوجرانوالہ |
| -15 | جناب عثمان یونس قریشی | میسرز افنان ایمپکس 36 یاسر کلاتھ مارکیٹ بنک سکوائر گوجرانوالہ |
| -16 | جناب اختر علی خان | میسرز قاسمی ٹریول پرائیویٹ لمیٹڈ 48 جناح سٹیڈیم سول لائنز گوجرانوالہ |
| -17 | جناب محمد مرزان | میسرز عبدالحمید سٹیل غازی روڈ ایمن آباد گوجرانوالہ |
| -18 | محترمہ درخشاں عمران | میسرز ارتکاز ٹریول اینڈ ٹور پرائیویٹ لمیٹڈ سیکنڈ فلور اظہر پلازہ بینک الحبیب جی ٹی روڈ گوجرانوالہ |

محمد برہان

سیکریٹری جنرل

مجلس عاملہ کا اجلاس صدر گوجرانوالہ چیمبر آف کامرس جناب ضیاء الحق کی زیر صدارت مورخہ 27 اکتوبر 2022ء بروز جمعرات کو چیمبر آف کامرس میں منعقد ہوا جس میں درج ذیل ایجنڈے پر کاروائی کی گئی۔

1- تلاوت قرآن پاک۔

اجلاس کا باقاعدہ آغاز تلاوت کلام پاک سے ہوا تلاوت کی سعادت جناب عثمان یونس قریشی نے حاصل کی۔

2- درود پاک کی خاموش تلاوت۔

تلاوت کلام پاک کے بعد تمام حاضرین نے دورد پاک کی خاموش تلاوت کی۔

3- درخواست برائے معذرت۔

صدر جناب ضیاء الحق نے درخواست برائے معذرت کا ایجنڈا پیش کرتے ہوئے پوچھا کہ کسی کی درخواست برائے معذرت موصول ہوئی ہے۔سیکریٹری جنرل نے بتایا کہ کسی کی درخواست برائے معذرت موصول نہیں ہوئی۔اس کے بعد ہاؤس نے متفقہ طور درخواست برائے معذرت کا ایجنڈا منظور کر لیا۔

4- ڈائریکٹر جنرل ٹریڈ آرگنائزیشن اسلام آباد کے حکم مورخہ 24 اکتوبر 2022 کی روشنی میں سپلیمنٹری ووٹر لسٹ میں شامل شدہ 27 ممبران کی سکروٹنی کے لئے دونوں اطراف (پٹیشنرز اور رسپانڈنٹس) کے دو ممبران پر مشتمل کمیٹی کی Approval/Formulation

صدر جناب ضیاء الحق نے ایجنڈا نمبر 4 اجلاس میں پیش کیا اور ہاؤس سے رائے طلب کی۔انہوں نے کہا چونکہ شکایت کنندہ کیطرف سے کوئی نام ہاؤس میں نہیں بھیجا گیا لہٰذا ہاؤس اس معاملہ پر اپنی رائے سے آگاہ کرے۔جناب نعیم آصف نے کہا میری رائے ہے کہ جواب دہندہ کی طرف سے دو نام جن میں جناب محمد شعیب بٹ اور جناب محمد عرفان کا نام تجویز ہوئے ہیں۔جناب احسن محمود نے کہا کہ میں اس کی تائید کرتا ہوں۔اس کے بعد ہاؤس نے متفقہ طور پر دونوں ناموں پر مشتمل کمیٹی بنانے کی منظوری دے دی۔

5- دیگر امور

صدر جناب ضیاء الحق نے دیگر امور کا ایجنڈا اجلاس میں پیش کیا۔جناب محمد شعیب بٹ نے کہا کہ ہاؤس نے جو کام ہمارے ذمہ لگایا ہے ہم اس کو ذمہ داری کے ساتھ مکمل کر کے معزز DGTO آفس میں رپورٹ پیش کر دیں گے۔

اس کے بعد کوئی امور زیر بحث نہ تھا لہٰذا اجلاس صدر صاحب کا شکریہ ادا کرتے ہوئے اختتام پذیر ہو گیا۔

محمد برہان

سیکریٹری جنرل